
علم میراث
ڈاکٹر حافظ انس نضر

# رد

## ماڈیول ۱۵

# ردّ

**لغوی معنی:** لوٹانا

**اصطلاحاً:** {نَقْصٌ فِي السِّهَامِ وَزِيَادَةٌ فِي الْأَنْصِبَاءِ} یعنی سہام میں کمی اور (اس کے نتیجے میں) حصص میں زیادتی۔

**دوسری تعریف:** {صَرْفُ الْبَاقِي مِنَ الْفُرُوضِ عَلىٰ ذَوِي الْفُرُوضِ النَّسَبِيَّةِ بِقَدرِ فُرُوضِهِمْ عِنْدَ عَدَمِ الْعَصَبَةِ}

یعنی اصحاب الفرائض سے باقی بچنے والا مال عصبہ کی عدم موجودگی میں نسبی اصحاب الفرائض میں ہی ان کے حصوں کے مطابق لوٹا دینا۔

# کس صورت میں ردّ ہو گا؟

جب مسئلہ ناقصہ ہو (یعنی اصحاب الفرائض کے سہام اصل مسئلہ سے کم ہوں) اور باقی مال لینے کیلئے عصبہ موجود نہ ہوں، تو باقی مال نسبی اصحاب الفرائض میں ردّ کر دیا جائے گا۔

# رد کی قسمیں

1. میاں بیوی میں سے کوئی نہ ہو اور ایک فرضی حصہ لینے والے اصحاب الفرائض موجود ہوں۔

**حل:** اصحاب الفرائض کو عصبہ کی طرح کل مال دے دیا جائے۔

2. میاں بیوی میں سے کوئی نہ ہو اور زیادہ فرضی حصہ لینے والے اصحاب الفرائض موجود ہوں۔

**حل:** پہلے عام طریقے سے حل کیا جائے پھر اصحاب الفرائض کے سہام کے مجموعے کو اصل مسئلے کے قائم مقام کر دیا جائے

3. میاں یا بیوی میں سے کوئی ہو اور ایک فرضی حصہ لینے والے اصحاب الفرائض موجود ہوں۔

**حل:** شوہر یا بیوی کو ان کا حصہ دینے کے بعد مال باقی مال نسبی اصحاب الفرائض کو عصبہ کی طرح دے دیا جائے۔

# ردکی قسمیں

4. میاں یا بیوی میں سے کوئی ہو اور زیادہ فرضی حصہ لینے والے اصحاب الفرائض موجود ہوں۔

**حل:** دو مسئلے بنائے جائیں گے، ایک مسئلہ زوجیہ اور دوسرا مسئلہ ردّیہ اور پھر دونوں کا جامع نکالا جائے گا۔ جس کے لئے مسئلہ زوجیہ کے اصل مسئلہ کو جزءالسہم سے ضرب دی جائے گی۔ جبکہ مسئلہ ردّیہ کا جزءالسہم بھی نکالنا ہوگا۔

# مثالیں

(4بیٹیاں)،(6بہنیں)،(2اخیافی بھائی،ایک اخیافی بہن)،(بیٹی،2پوتیاں،ماں)،(نانی،دادی اوراخیافی بھائی)،

(ماں،اخیافی بھائی اور2اخیافی بہنیں)،(3جدات،بیٹی)

(خاوند،2بیٹیاں)،(بیوی،2بہنیں)،(شوہر،2بہنیں)،(بیوی،ماں،اخیافی بہن)،(شوہر،دادی،اخیافی بہن)،

(شوہر،ماں،اخیافی بہن)،(بیوی،دادی،نانی،اخیافی بھائی،اخیافی بہن)،(بیوی،ماں،بیٹی،پوتی)،(بیوی،ماں،اخیافی بہن)